شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23جنوری2023ء

پریس ریلیز

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی مغرب کی رذیل سوچ اور ذہنیت کی عکاس ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی مغرب کی رذیل سوچ اور ذہنیت کی عکاس ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہاکہ سویڈن کے دائیں بازو کی انتہا پسند جماعت کے سربراہ راسموس پالودان کے قرآن پاک کی بے حرمتی کے ناپاک اور مکروہ فعل نے ثابت کر دیا ہے کہ دنیا کو مذہبی آزادی، رواداری اور اعتدال پسندی کا درس دینے والا مغرب خود اسلام دشمنی میں بدترین قسم کی انتہا پسندی بلکہ اسلاموفوبک دہشت گردی پر اُتر آیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلاموفوبیا اہلِ مغرب کی رگ وپے میں سرایت کر چکا ہے اسی لیے سویڈن کی پولیس بے حرمتی کرنے والے ملعون راسموس پالودان کو روکنے کی بجائے اُس کی حفاظت کرتی رہی۔اُنھوں نے کہاکہ روزِاوّل سے دشمنانِ اسلام کی تمام تر کوششوں کے باوجود قرآنِ پاک میں نہ ہی معمولی سا ردوبدل کیا جاسکا اور نہ ہی اُس کی عظمت پر کوئی آنچ آسکی جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اس کتابِ مقدس کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی تحفظ دیا ہوا ہے۔لہٰذا اُس کی توہین کی کوشش کرنے والوں کا مقدر ذلت اور رسوائی کے سوا کچھ نہ ہوگا۔البتہ مسلمان ممالک کو ہر سطح پر اپنے دین کے تحفظ کے لیے سود وزیاں سے بلند ہو کر ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ انفرادی سطح پر اسلام سے دوری اور اجتماعی سطح پر اسلامی نظام کا ناپید ہونا اصلاًان سانحات کے وقوع پذیر ہونے کا باعث بن رہا ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 23 January 2023

"Desecration of the Holy Quran in Sweden is a reflection of the malevolent and ghastly face of the West."

Lahore (PR): "Desecration of the Holy Quran in Sweden is a reflection of the malevolent and ghastly face of the West."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that the blasphemous incident of desecrating the Holy Qur'an by the leader of a far-right extremist party of Sweden, Rasmus Paludan, has demonstrated that the West which claims to be the champion of religious freedom, tolerance and enlightenment is, in fact, engaged in the worst form of enmity against Islam and Islamophobic terrorism. The fact of the matter is that Islamophobia has become the lifeblood of the West and that is why the Swedish police provided protection to the blasphemer, Rasmus Paludan, instead of stopping him from such an appalling act. The fact is that the enemies of Islam have totally failed to change even a jot or a tittle in the Holy Qur'an despite desperate efforts since day one. They have abjectly failed to dent the magnificence and glory of the Holy Qur'an even in the slightest despite continual efforts. The truth is that the Qur'an is under the divine protection of Allah *(SWT)*, and those who try to blaspheme against the Book of Allah *(SWT)* are destined for humiliation and ignominy. However, the Ameer emphasized, it is the obligation of the Muslim countries to rise above personal gains and losses and be willing and able to sacrifice everything to safeguard their Deen (religion and all of its symbols). The Ameer concluded by emphasizing that our indifference towards real faith on the individual level and absence of an Islamic system at the collective level are the real reasons why incidents like Sweden occur.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan